دی سٹی اسکول

نارتھ ناظم آباد بوائز کیمپس

اُردو ورک شیٹ

معلّمہ:حمیرا کامران/ انجم السحر ۱۵اپریل۲۰۱۷

لکھنؤمیں بالائی کی تیاری پر زیادہ توجہ دی گئی ہے۔انگریزی میں اس کو'کریم' کہتے ہیں۔ بالائی کو پرانی زبان میں ملائی کہتے ہیں۔آصف الدولہ بہادرنواب اودھ نے اس کا نام ملائی کے عوض بالا رکھ دیا۔اس لیے کہ یہ دودھ کے اوپر کی چیز ہے۔اوپر کو فارسی میں 'بالا' کہتے ہیں ۔اہل لکھنئو کو اپنے فرماں روا کا یہ تصرف بہت پسند آیا اور بالائی کا لفظ زبانوں پر اس قدر چڑھ گیا کہ اب لکھنؤ میں سوائے دیہاتیوں یا جاہلوں کے سب اسے بالائی ہی کہتے ہیں اور ملائی کا لفظ کسی مہذب شخص کی زبان پر باقی نہیں رہا۔

اس پر مولوی محمد حسین آزاد نے آبِ حیات میں اعتراض کر دیا۔ان کی رائے میں 'ملائی' کا لفظ بالائی سے زیادہ لطیف وفصیح ہے۔کسی لفظ کو محض اپنے مذاق کے اعتبار سے غیر فصیح کہہ دینا میرے نزدیک ایک بے معنی سی چیز ہے۔اس لیے کہ ہر جماعت کو وہی الفاظ اپنے ذوق میں اچھے لگتے ہیں جو ان لوگوں کی زبان پر چڑھے ہوں اور ان کے لہجے اور محاورے سے مانوس ہو گئے ہوں۔جن شہروں کے لوگ ملائی کہتے ہیں ان کو بے شک بالائی کا لفظ گراں گزرتا ہوگا اور ان کی زبان سے نا آشنا ہوگا مگر جس شہر میں لوگ بالائی کہتے ہیں اور یہی لفظ ان کے محاورے میں شامل ہو گیا ہے ان کو جو فصاحت بالائی میں نظر آتی ہے وہ ملائی میں ممکن نہیں ۔ان کو ملائی جاہلوں کا لفظ معلوم ہوتا ہے۔فصاحت ولطافتِ زبان کا اندازہ کسی خاص ذوق یا کسی خاص منطق سے نہیں ہوتا ہے بلکہ جو لوگ اہلِ زبان مان لیے جاتے ہیں فقط ان کا ذوق اور محاورہ معیار قرار پا جاتا ہے اور سب کو بغیر کسی منطق کے ان کی پیروی کرنا پڑتی ہے لیکن دونوں صحیح ہیں۔ملائی اہلِ دہلی کے نزدیک اور بالائی اہلِ لکھنئو کے نزدیک۔

۱۔آصف الدولہ نے ملائی کو بالائی کیوں کہا؟ ۲/

....

۲۔آزاد نے لفظ بالائی پر کیا اعتراض کیا؟ ۲/

....

....

۳۔ملائی اور بلائی میں کون سا لفظ درست ہے؟ ۲/

....

۴۔دودھ سے کیا کیا چیزیں تیار کی جا سکتی ہیں؟ ۲/

....

۵۔عبارت سے منتخب کیے گئے الفاظ کو معیاری جملوں میں استعمال کریں۔ ۶/

• اعتراض..

....

• اعتبار..

....

• پیروی..

....

۶۔دیئے گئے علاماتِ سابقہ سے نئے الفاظ بنائیں۔ ۲/

الفاظ	سابقہ	نئے الفاظ
زبان		-----
باقی	اہل	-----
ممکن		
دنیا		

۷۔درج ذیل الفاظ کا انگریزی ترجمہ لکھیں:۔ ۲/

• جاہل--------- •نزدیک------- •مہذب------- •محاورہ---------

۸۔درج ذیل الفاظ کے متضاد عبارت سے تلاش کر کے لکھیں:۔ ۲/

❁ نئی--------- ❁ دور--------- ❁ موت--------- ❁ دھوکا---------